URDU

FCPS

Fairfax County Public Schools
8115 Gatehouse Road
Falls Church, VA 22042
Created _______________

SOCIAL EMOTIONAL LEARNING (SEL) SCREENER
PARENT/GUARDIAN REPORT AND GUIDE, GRADES 3-12

والدین/ سرپرست ____ طالبعلم کی آئی ڈی: _______________ گریڈ:_____

SEL اسکرینر کیا ہے؟ آپ کے طالبعلم نے حال ہی میں، سماجی و جذباتی قابلیت (SEL) اسکرینر میں شرکت کی ۔ طالبعلم SEL اسکرینر کو سال میں دو مرتبہ استعمال کرتے ہیں تاکہ وہ اس کے بارے میں اپنا نقطہ ہائے نظر بیان کریں کہ ان کے اسکول اور کمیونٹی انہیں کامیابی میں درکار مہارتوں کو سیکھنے میں کتنا اچھے طریقے سے مدد کررہے ہیں ۔ ان مہارتوں میں اہداف کا حصول ، جذبات کی سمجھ بُوجھ اور ان پر قابو پانا ، بالغ افراد اور ساتھیوں کیساتھ تعلقات بنانا اور قائم رکھنا اور ذمہ دارانہ فیصلے کرنا شامل ہیں ۔ طالبعلم یہ بھی بتاتے ہیں کہ ان کے اسکول اور کمیونٹی انہیں قابل قدر گرداننے ، شمولیت اختیار کرنے اور معاونت کرنے میں کتنا کامیاب ہیں ۔ یہ عناصر مثبت تعلیمی ، سماجی اور جذباتی کامیابی کے لیئے ، اہم ہیں ۔

نتائج کیسے استعمال کئے جائیں گے؟ SEL اسکرینر یقینی بناتے ہیں کہ ہمارے طالبعلموں کی آواز کو بلند کیا جائے تاکہ ان کے نقطہ ہائے نظر پر فیصلہ سازی میں غور کیا جائے ۔ اسکرینر کے اعدادوشمار کو ڈویژن ، اسکولوں اور انفرادی طور پر طالبعلموں کی پروگرامنگ کی منصوبہ بندی کیلئے استعمال کیا جاتا ہے ۔ ڈویژن اور اسکول کی سطح کے نتائج کو، جن میں کسی ایک فرد طالبعلم کی معلومات شامل نہیں ہوتیں ، عملہ SEL اور ذہنی صحت کے طور طریقوں کو بہتر بنانے اور اسٹریٹیجک پلانز کو آگاہ کرنے کیلئے استعمال کرسکتا ہے ۔ ڈویژن اور اسکول کی سطح کے نتائج ، ہمارے طالبعلم ادارے کی ضروریات اور اشتراک کار کے مواقع بیان کرنے کیلئے کمیونٹی کے ساتھ بھی شیئر کئے جاسکتے ہیں ۔ انفرادی طالبعلموں کے اعدادوشمار محفوظ فائلوں اور ڈیٹا بیس میں رکھے جاتے ہیں جن تک رسائی صرف ان اساتذہ ، منتظمین ، عملہ ، اور اسکول حکام کو حاصل ہوتی ہے جو قانونی طور پر جائز تعلیمی ضروریات سے متعلق ہوتے ہیں ۔ گھرانوں کے اشتراک سے ، عملہ ان اعدادوشمار کا دیگر معلومات کے ساتھ جائزہ لیتا ہے تاکہ شناخت کردہ ضروریات کے حامل طالبعلموں کی اصلاحات کی منصوبہ بندی کی جائے ۔

اس رپورٹ کو سمجھنا: اپنے طالبعلم کی خوبیوں اور ضروریات کی ایک زیادہ مکمل تصویر بنانے اور یہ جاننے کیلئے کہ وہ اسکول اور کمیونٹی کو کتنا معاون سمجھتے ہیں ، ان نتائج کے ساتھ ساتھ ، اپنے بچے کے متعلق اپنے ذاتی علم اور معلومات کے دیگر وسائل کا استعمال کیجیئے ۔ یہ نتائج آپ کے طالبعلم کا وقت کے ایک خاص لمحہ میں اس کے تجربات کا تناظر ہوتے ہیں ۔ "آپ کے طالب علم کی اوسط ریٹنگ" کا کالم آپ کو خاص موضوع کے شعبے میں تمام آئٹمز پر آپ کے طالب علم کے جوابات کی اوسط فراہم کرتا ہے ۔ تمام موضوعات پر، 5.00-4.30 کی ریٹنگ اعلیٰ مضبوطی ہوتی ہے ۔ 4.29-3.50 کی ریٹنگ مضبوطی ہوتی ہے۔ 3.49-2.00 کی ریٹنگ درمیانی مضبوطی ہوتی ہے ۔ 1.99 سے نیچے کی ریٹنگ کم مضبوطی ہوتی ہے ۔ "کوئی ریٹنگ نہیں" سے مراد یہ ہے کہ آپ کے بچے نے موضوع کے سوالوں کا جواب نہیں دیا ۔

آگے کیا ہوتا ہے؟ ان مشوروں کیلئے، کہ SEL کے متعلق آپ کے طالبعلم سے کیسے بات کی جائے، براہ مہربانی SEL اسکرینر رپورٹ اور گائیڈ ویب پیج ملاحظہ کیجیئے (https://www.fcps.edu/node/43946) یہ ویب پیج یہ معلومات بھی فراہم کرتا ہے کہ جب اسکول سیشن میں نہیں ہوتا ہے تو معاونت اور وسائل وماخذ تک کیسے رسائی حاصل کی جائے ۔ اگر آپ اس رپورٹ یا یہ کہ اپنے طالبعلم کی کیسے بہترین انداز میں مدد کی جائے ، کے متعلق کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی، ان کے ٹیچر یا اسکول میں موجود کونسلر، ماہرنفسیات یا سماجی کارکن سے رابطہ کیجیئے ۔ SEL اور اسکول کے طریقہ ہائے کار کے متعلق معلومات SEL ویب پیج پر دستیاب ہے .(https://www.fcps.edu/resources/student-safety-and-wellness/social-and-emotional-learning-sel)

اسکرینر کا عرصہ: ____________________ اسکول: ____________________________________

اسکرینر کا موضوع	موضوع کا بیان و وضاحت	آپ کے طالب علم کی اوسط ریٹنگ
خود انتظامی اور ذمہ دارانہ فیصلہ سازی	میرا اسکول اور کمیونٹی میری کیسے مدد کرتے ہیں ... وہ فیصلے کرنے میں ، جن سے مجھے اپنے اہداف کے حصول میں ، اپنی سوچوں اور احساسات پرقابو پانے میں ، ایسے رویے اختیار کرنے میں ، جن سے مختلف صورت حال میں کامیابی سے نمٹا جائے ، مدد ملے ۔	_____
سماجی آگہی اور تعلقات استوار کرنے کی مہارتیں	میرا اسکول اور کمیونٹی میری کیسے مدد کرتے ہیں ...دوسروں کا نقطہ نظر سمجھنے میں اور یہ کہ میرے سے مختلف تجربات کے حامل افراد ، یا مجھ سے مختلف صورتحال میں لوگ ، کیسا محسوس کرتے ہوں گے ، بالغ افراد اور ساتھیوں کے ساتھ مستحکم اور صحتمند تعلقات کیسے استوار اور قائم رکھنے میں ، اور یہ جاننے میں کہ "متفق نہ ہونے پر اتفاق" کیسے کرتے ہیں ۔	_____
جذبات کو باقاعدہ بنانا	میرا اسکول اور کمیونٹی میری کیسے مدد کرتے ہیں ... کہ طرح طرح کے جذبات پر مفید انداز میں کیسے ردعمل دیا جاتا ہے ۔	_____
معاون تعلقات	میرا اسکول اور کمیونٹی میری کیسے مدد کرتے ہیں ... ساتھیوں اور اساتذہ کیساتھ تعلقات میں معاون ومددگار محسوس کرنے میں ۔	_____
اپنائیت و تعلق	میرا اسکول اور کمیونٹی میری کیسے مدد کرتے ہیں ... یہ محسوس کرنے میں کہ میں اپنی اسکول کمیونٹی کا ایک قابل قدر فرد ہوں ۔	_____
ثقافتی آگہی اور عمل (صرف گریڈ 6-12)	میرا اسکول اور کمیونٹی میری کیسے مدد کرتے ہیں ... اسکول میں ، میں اور میرے ساتھی قومیت ، نسل اور ثقافت کے متعلق معاملات پر کیسے بحث کرتے ہیں اور ان کا سامنا کرتے ہیں ۔	_____
مشکل احساسات	کتنی بار میں محسوس کرتا / کرتی ہوں ... مشکل احساسات کے متعلق جیسا کہ پریشانی یا اداسی ۔ *کم تعداد کا معنی ہے کہ میں ان کے متعلق اکثر سوچتا / سوچتی ہوں ۔	_____